ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | ہفتہ 10 ذوالحج 1446ھ 07 جون 2025ء صفحات 08 | شمارہ 340
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

پاکستان اور سعودی عرب کا دفاعی اور تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق

وزیراعظم شہباز شریف [illegible] حمایت پر ولی عہد کا شکریہ

مکہ: وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نماز عید ادا کر رہے ہیں

بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستان کے دمہ دارانہ [illegible]

جدہ (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے دو روزہ دورہ سعودی عرب کے دوران ولی عہد محمد بن سلمان کے ساتھ نہایت اہم ملاقات کی جس میں دلچسپی امور اور دو طرفہ تعلقات پر بات چیت کی گئی جبکہ اس موقع پر رہنماؤں نے ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد بھی دی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے شاہی دیوان میں ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی جانب سے دیے ...

کے درمیان ہونے والی ملاقات میں خطے کی سیکیورٹی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، پاک بھارت کشیدگی میں کمی کیلئے کردار ادا کرنے پر وزیراعظم نے سعودی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی ملاقات میں موجود تھے جبکہ ان کے علاوہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی شریک ہوئے۔ وزیراعظم کا سعودی ولی عہد کی جانب سے شاندار استقبال اور خیرمقدم ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سیکورٹی فورسز کا ضلع کچھی میں آپریشن، فتنہ الہندوستان کے 2 دہشتگرد ہلاک

سیکورٹی فورسز نے 6 جون کو کولپور میں بھارتی پراکسی سے تعلق رکھنے والے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا

سیکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردی کی لعنت ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

برنائی سنجاوی روڈ کے قریب سے 4 نامعلوم افراد کی نعشیں تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیں، لیویز ذرائع

کوئٹہ (این این آئی + سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع کچھی میں سیکورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکورٹی فورسز 6 جون کو بلوچستان ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

نیویارک: واشنگٹن میں پاکستان پیپلز پارٹی وسفارتی وفد کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری امریکی قانون سازوں سے گفتگو کر رہے ہیں

سیکورٹی فورسز نے کچھی میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہند نیٹ ورک کو بے نقاب کیا، وزیراعلیٰ

اس کارروائی میں بھارتی ایماء پر سرگرم دہشتگردوں کا واصل جہنم ہونا ریاست پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کی کامیابی کا مظہر ہے

بلوچستان کا امن خراب کرنے والے عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا ان کے خلاف کارروائی منطقی انجام تک جاری رہے گی میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کولپور ضلع کچھی میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کیخلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر اطمینان کا اظہار کیا ہے یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اس کارروائی میں بھارتی ایماء پر سرگرم دہشت گردوں کا واصل جہنم ہونا ریاست پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کی کامیابی کا مظہر ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکورٹی ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ طاس معاہدے کی معطلی ناقابل قبول، پانی کی بندش سے 1 ارب 70 کروڑ لوگوں کی زندگیاں خطرے میں [illegible]

پاک بھارت ایٹمی جنگ 30 سیکنڈ کی دوری پر تھی

صدر ٹرمپ مودی کو مذاکرات کی میز پر لائیں، بلاول بھٹو

بھارت جنوبی ایشیا میں ایک خطرناک مثال قائم کر رہا ہے جس کے تحت کوئی بھی ملک دہشت گردانہ حملہ ہونے کی صورت میں جنگ چھیڑنے کا بہانہ گھڑ سکتا ہے، پاکستان میں بھارتی مداخلت کے ثبوت موجود ہیں

دیرپا امن صرف مکالمے، سفارتکاری اور باہمی احترام سے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے، نہ کہ دھمکی آمیز بیانیے یا طاقت سے، بلاول نے بھارت کیخلاف پاکستان کا مقدمہ ٹرمپ انتظامیہ کے سامنے پیش کردیا

بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستانی وفد کی امریکی قانون سازوں سے ملاقاتیں، بھارت کی جانب سے یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے ممکنہ نتائج پر بھی امریکی قانون سازوں کو آگاہ کیا

87 گھنٹے کی جنگ اصل واقعہ نہیں صرف ٹریلر تھا، جو پاکستان کے مربوط ردعمل کا مظہر تھا، یہ جنگ بھارت کی اس اسٹریٹجی کا حصہ ہے جو خطے کو بالی وڈ طرز کی کشیدگی میں مبتلا رکھنا چاہتی ہے، شیری رحمان

واشنگٹن ڈی سی (م ڈ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی پارلیمانی وفد نے پاکستان ہاؤس میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی میزبانی میں منعقدہ عشائیہ استقبالیہ میں دو جماعتی امریکی قانون سازوں کے گروپ سے ملاقات کی۔ اس تقریب میں امریکی کانگریس کے اراکین بشمول جیک برگمین، ٹام سوزی، ریان زنکے، میکسین واٹرز، ال گرین، جوناتھن جیکسن، چک جانسن، انٹسی پلاکٹ، ہنری کیولار، مائیک لزر، رالی مور، جارج لطیفی اور کلیو فیلڈز سمیت دیگر نے شرکت کی ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی آبی جارحیت سے نمٹنے کیلئے اسحاق ڈار کی سربراہی میں کمیٹی قائم

کمیٹی میں وفاقی وزراء، چاروں صوبوں، گلگت کے وزرائے اعلیٰ، وزیراعظم آزاد کشمیر، قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک شامل

20 رکنی کمیٹی بھارتی آبی جارحیت کا مقابلہ کرنے کیلئے 72 گھنٹوں کے اندر اندر منصوبوں کی سفارشات دے گی، ذرائع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے بھارتی آبی جارحیت سے نمٹنے کیلئے اسحاق ڈار کی سربراہی میں 20 رکنی کمیٹی بنا دی، کمیٹی بھارتی آبی جارحیت کا مقابلہ کرنے کیلئے 72 گھنٹوں کے اندر اندر آبی منصوبوں کی سفارشات دے گی، کمیٹی نئے ڈیم بنانے کیلئے فنڈنگ کے حوالے سے حکمت عملی کا جائزہ بھی ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحی ہمیں ایثار، اخوت، تقویٰ و باہمی ہمدردی کا درس دیتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

آج کے دن تجدید عہد کریں پرامن، ترقی یافتہ بلوچستان کی تعمیر کیلئے متحد رہیں گے میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عیدالاضحی کے بابرکت موقع پر صوبے کے عوام اور پوری پاکستانی قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عظیم دن ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بے مثال قربانی کی ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بنانا پبلک، احتجاج کے اعلان پر بات چیت کی بجائے مزید دباؤ ڈالا گیا، اسد قیصر

سینٹ انتخابات کا فوری اعلان، صوبے کا حق دیا جائے، چیف الیکشن کمشنر میں اگر کچھ اخلاقیات ہیں تو استعفیٰ دے دیں

جمہوریت صرف نام کی رہ گئی، بلوچستان، سندھ، کشمیر، کراچی میں بھی حالات ہاتھ سے نکل چکے، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں نماز عیدالاضحی کے موقع پر 392 سے زائد مقامات پر اجتماعات ہوں گے

سیکورٹی پر ایس پی، ایس ایچ اوز سمیت 1189 اہلکاران تعینات

عید گاہوں کے قریب گاڑیاں، موٹر سائیکلیں پارک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں نماز عیدالاضحی کے موقع پر 392 سے زائد مقامات پر نماز عید کے اجتماعات ہوں گے جن کی سیکورٹی پر ایس پی، ایس پیز، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز سمیت 1189 اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ عید گاہوں پر پولیس کی نفری تعینات ہوگی اس کے علاوہ موبائل پیٹرولنگ کی جائے گی نہایت حساس ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

چھوٹے کاروبار کیلئے آسان فنڈنگ، اسٹیٹ بینک نے اصلاحات کا اعلان کردیا

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ہیومن رائٹس کمیشن نے بجٹ میں معقول تنخواہ کے نفاذ کا مطالبہ کردیا

ملک بھر میں لاکھوں مزدور ایسی آمدنی پر کام کر رہے ہیں جو معقول تنخواہ کی حد سے کم ہے

کل وقتی ملازمین کو تحفظ، صحت و امید کیساتھ زندگی گزارنے کے قابل ہونا چاہیے، ایچ آر سی پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہیومن رائٹس کمیشن (ایچ آر سی پی) نے ملک میں بڑھتی مہنگائی کے پیش نظر نئے بجٹ میں معقول تنخواہ کے نفاذ کا مطالبہ کردیا ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اعلان

عیدالاضحی کے موقع پر "روزنامہ مشرق" کے دفاتر مورخہ 7 اور 8 جون کو بند رہینگے لہٰذا 8 اور 9 جون کو اخبار شائع نہیں ہوگا، قارئین اور نیوز ایجنٹ حضرات نوٹ فرمائیں (ادارہ)

کالعدم تنظیم کی جانب سے اے سی تمپ کی مختصر ویڈیو پیغام جاری

محمد حنیف نورزئی کو یہ کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے میں بلوچ سرمچاروں کی تحویل میں ہوں

کوئٹہ (آن لائن) کالعدم تنظیم نے اسسٹنٹ کمشنر تمپ محمد حنیف نورزئی کی ایک مختصر ویڈیو پیغام جاری کیا ہے جس میں وہ یہ کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے میں بلوچ سرمچاروں کی تحویل میں ہوں واضح رہے کہ گزشتہ دنوں کالعدم تنظیم نے ایک آپریشن کے دوران انہیں ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

جی ایچ کیو حملہ کیس، دوران سماعت پی ٹی آئی وکلاء کی ہنگامہ آرائی

ہنگامہ آرائی اور نعرے بازی کی وجہ سے 2 گواہوں کے بیانات قلمبند نہ ہوسکے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کے دوران تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکلاء کی جانب سے ہنگامہ آرائی اور نعرے بازی کی گئی، اڈیالہ ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پانی روکنے کیلئے بھارت نے کوئی قدم اٹھایا تو جنگ تصور کرینگے، یوسف رضا گیلانی

بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو جواب دینے کے سوا کوئی آپشن نہیں تھا، 2 ایٹمی طاقتوں کو آپس میں جنگ نہیں کرنی چاہیے

پاکستان ہمیشہ سفارتکاری، مذاکرات کو ترجیح دیتا ہے لیکن اپنی خودمختاری، پانی جیسے بنیادی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں

کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل سے آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری ملاقات کر رہے ہیں

جسٹس منصور علی شاہ آج قائم مقام چیف جسٹس کا حلف اٹھائیں گے

لاہور (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس سید منصور علی شاہ آج قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھائیں گے جسٹس عائشہ اے ملک جسٹس سید منصور علی شاہ سے قائم مقام چیف جسٹس ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر کی طرح آج کوئٹہ میں بھی عیدالاضحی مذہبی جوش و خروش کیساتھ منائی جائیگی

عیدگاہوں، مساجد، مدارس، پارکس، کھلے میدانوں میں نماز عید کے اجتماعات ہونگے، بڑا اجتماع مرکزی عید گاہ طوغی روڈ پر منعقد ہوگا

لاکھوں فرزندان توحید سنت ابراہیمی پر کرتے ہوئے جانور قربان کرینگے، ملکی سلامتی، استحکام، امت مسلمہ کی یکجہتی، فلسطین کی آزادی کیلئے دعائیں کی جائیں گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ملک بھر کی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور بلوچستان میں عیدالاضحی مذہبی جوش و خروش اجتماعی عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی اور لاکھوں فرزندان توحید نماز عید ادا کرنے کے بعد سنت ابراہیمی علیہ السلام پر عمل پیرا ہوکر جانوروں کی قربانی ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ریاض: وزیراعظم شہباز شریف سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے ملاقات کر رہے ہیں

پیوٹن نے ایران کے جوہری تنازع پر ثالثی کی پیشکش کردی

ماسکو (بیورو رپورٹ) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے ایران اور امریکہ کے درمیان جوہری تنازع کو حل کرنے میں مدد کی پیشکش کردی، صدارتی ترجمان نے صحافیوں کو بتایا روس ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ میں صنعتوں کے فروغ کیلئے بھاری فنڈز رکھنے کا فیصلہ

پاکستان سٹیل کی 6 ہزار 400 ایکڑ زمین خصوصی اقتصادی زون کیلئے مختص ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں صنعتوں کے فروغ کے نئے منصوبوں کیلئے فنڈز رکھنے کا فیصلہ کرلیا، بجٹ ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

افریقی ملک چاڈ کا جوابی اقدام، امریکیوں کے ویزے روک دیئے

امریکہ جیسے طاقتور ملک کے سامنے چاڈ اپنے قومی وقار پر سمجھوتہ نہیں کرے گا

چاڈ کے پاس دینے کیلئے طیارے ہیں نہ اربوں ڈالر مگر وقار و عزت نفس ضرور ہے، صدر

چاڈ (بیورو رپورٹ) افریقی ملک چاڈ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اپنے شہریوں پر امریکہ میں داخلے کی پابندی کے جواب میں امریکی شہریوں کو ویزے جاری کرنے سے انکار کردیا، چاڈ کے صدر ماہامات ادریس نے پابندی کو مسترد کرتے ہوئے فیس بک پر بیان دیا چاڈ کے پاس دینے کیلئے طیارے ہیں نہ اربوں ڈالر مگر وقار و عزت نفس ضرور ہے، اقدام ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

"بھارت کے تباہ طیاروں کے 2 پائلٹس کی موت ہوئی"

ایئرفورس کے لوگوں نے بتایا تفصیلات انٹیلی جنس کے ذریعے ملتی ہیں شہزاد اقبال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارت کیخلاف جنگ میں پاکستان ایئرفورس کی جانب سے گرائے گئے جنگی طیاروں کے پائلٹس کی تفصیلات سامنے آگئیں، معروف ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس روزی خان نے قائم مقام چیف جسٹس کا عہدہ سنبھال لیا

گورنر جعفر خان مندوخیل نے حلف لیا، تقریب میں سابق گورنرز، ججز کی شرکت

کوئٹہ (آن لائن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب حلف برداری منعقد ہوئی جس میں بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس روزی خان بلوچستان ہائی کورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس کی حیثیت سے حلف اٹھایا گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز کی قیادت میں پاکستان نے جنگ جیتی، عاصم منیر فیلڈ مارشل کے عہدے کے حقدار تھے، نواز شریف

پاکستان درست سمت میں جا رہا ہے اور شہباز شریف نے پاکستان کی معیشت کو بہت بہتر کردیا، سابق وزیراعظم

فیلڈ مارشل کی بہترین جنگی حکمت عملی نے بھارت کے خلاف فتح دلوائی، لندن میں نماز عید کے بعد کارکنوں سے گفتگو

لندن (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم و مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے کہا ہے کہ شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے بھارت سے جنگ جیتی، عاصم منیر فیلڈ مارشل کے عہدے کے حقدار سابق وزیراعظم نواز شریف نے لندن میں نماز عید ادا کی۔ نماز عید کے بعد نواز شریف نے ن لیگ کے کارکنوں سے ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

2 ایٹمی ریاستوں میں جنگ بندی پر فخر، پاکستان میں مضبوط لیڈرشپ ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

دونوں ممالک سے کہا گولیاں چلیں گی تو تجارت نہیں ہوگی، نہیں خیال روس یوکرین امن معاہدے پر دستخط کریں گے

بائیڈن انتظامیہ نے کچھ خوفناک لوگوں کو داخل ہونے دیا، ایک ایک کرکے نکال رہے ہیں، امریکی صدر کی صحافیوں سے گفتگو

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا فخر ہے 2 ایٹمی ریاستوں کے درمیان جنگ بندی کرائی، ڈونلڈ ٹرمپ نے جرمن چانسلر سے وائٹ ہاؤس میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا دونوں ممالک سے کہا گولیاں چلیں گی تو تجارت نہیں ہوگی ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

چین کی پاکستان کو J-35 طیارے اور HQ-19 ڈیفنس سسٹم دینے کی پیشکش

آذربائیجان نے 40 پاکستانی جے ایف سترہ طیاروں کی خریداری کے لیے دفاعی معاہدوں پر دستخط کر دیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پاکستان کے آفیشل اکاؤنٹ سے وزیراعظم شہباز شریف کے دور حکومت میں حاصل کی جانے والی سفارتی کامیابیاں ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ملتان: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کمیٹی کی صدارت پر فائز

پاکستان قرارداد 1988 کے تحت طالبان پر پابندیوں کی نگرانی کرے گا

تقرریاں انسداد دہشتگردی کوششوں پر عالمی برادری کے اعتماد کا مظہر ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کمیٹی کی صدارت پر فائز ہوگیا، پاکستان قرارداد 1988 کے تحت طالبان پر پابندیوں کی ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کوہاٹ، سابق وفاقی وزیر اور سینیٹر عباس آفریدی گیس لیکج دھماکے میں جھلس کر جاں بحق

دھماکے کی شدت سے حجرے کی دیواریں بھی منہدم، عباس آفریدی کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کردیا گیا

متعدد زخمی ہسپتال میں زیر علاج، عباس آفریدی ملنسار اور مخلص شخصیت تھے، غم کی گھڑی میں اہل خانہ کیساتھ ہیں، سیاسی رہنما

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) کوہاٹ میں سابق وفاقی وزیر اور سینیٹر عباس آفریدی گیس لیکج دھماکے میں جھلس کر جاں بحق ہوگئے، ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا کے ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ امن کا داعی نہیں، انسانیت کا دشمن، ایک لاکھ 25 ہزار تنخواہ تک ٹیکس چھوٹ دی جائے، حافظ نعیم الرحمن

ٹرمپ نے امن کی بجائے جنگ کو فوقیت دی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر مسلم ممالک کی افواج کے سربراہان کا اجلاس بلائیں

آئی پی پیز کو استثنیٰ، عام عوام پر ٹیکس کا بوجھ ڈالا جا رہا ہے، مصنوعی دعوؤں سے معیشت بہتر نہیں ہوتی، پریس کانفرنس

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے امریکہ امن کا داعی نہیں، انسانیت کا دشمن ہے، ملک کی بڑی سیاسی جماعتوں نے غزہ کی صورتحال پر احتجاج نہیں کیا، امریکی دہشتگردی کی مذمت کرتے ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ نے امن کی بجائے جنگ کو فوقیت دی، امریکہ نسل کشی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

فضائیہ نے بھارتی طیارے گرانے کا سہرا "کوبراز" کے سر باندھ دیا

پاک بھارت جنگ گزشتہ نصف صدی کی سب سے بڑی فضائی جھڑپ شمار کی جارہی ہے

سکواڈرن کے 20 میں سے 18 جے 10 سی لڑاکا طیاروں نے مشن میں حصہ لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فضائیہ نے بھارتی طیارے گرانے کا سہرا "کوبراز" کے سر باندھ دیا، تقریباً ایک ماہ بعد پاک فضائیہ نے باضابطہ طور پر ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سابق سینیٹر عباس آفریدی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق سینیٹر عباس آفریدی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انکی سیاسی و سماجی خدمات کو خراج ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کے مجموعی قرضوں کا حجم 74 ہزار 936 ارب تک جا پہنچا

قرضوں کا حجم ماہانہ بنیادوں پر 1.7 اور سالانہ بنیادوں پر 13.4 فیصد زیادہ ریکارڈ

کراچی (بیورو رپورٹ) حکومت کے مجموعی قرضوں کا حجم اپریل کے اختتام پر 74 ہزار 936 ارب ہوگیا، اسٹیٹ بینک کی طرف سے جاری اعداد و شمار کے مطابق اپریل کے اختتام پر حکومت کے مجموعی قرضوں کا حجم 74 ہزار 936 ارب ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت کا بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نافذ نہ کرنے کا اعلان

11 ماہ میں صوبے کی ٹیکس آمدن میں 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، مزمل اسلم

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے مشیر خزانہ مزمل اسلم نے کہا ہے مالی سال کے ابتدائی 11 ماہ میں خیبرپختونخوا کی ٹیکس آمدن میں 40 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

16 لاکھ سے زائد خوش نصیبوں نے فریضہ حج ادا کیا، سعودی حکومت

15 لاکھ 6 ہزار 576 حجاج کرام 171 مختلف ممالک سے آئے، وزارت شماریات

مکہ مکرمہ (بیورو رپورٹ) سعودی وزارت شماریات کے مطابق رواں سال 16 لاکھ 73 ہزار 230 عازمین نے فریضہ حج ادا کیا، 15 لاکھ 6 ہزار 576 حجاج کرام 171 مختلف ممالک سے آئے جبکہ سعودی عرب کے اندر سے ایک لاکھ 66 ہزار 654 افراد ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اتار چڑھاؤ آتا رہتا، پی ٹی آئی کی مقبولیت کم نہیں ہوئی، فواد چوہدری

بانی نے آئندہ کا لائحہ عمل بارے شبلی فراز کو بتایا، گنڈاپور کی بھی ملاقات ہوئی

اپوزیشن الائنس نہ بننے کی وجہ تحریک انصاف کی ناتجربہ کاری تھی، سابق وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر اور پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری نے کہا سیاست میں اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے، بانی کیساتھ 3 ملاقاتیں کر چکا ہوں، کہا اپوزیشن کا الائنس بنانا چاہیے، فواد چوہدری نے کہا ووٹ صرف بانی پی ٹی آئی کا ہے، پی ٹی آئی کی ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت میں سکھوں کیخلاف ماورائے عدالت قتل کی تاریخ

امریکہ میں سکھ کارکن گرپتونت سنگھ پنو کے قتل کی بھارتی سازش ناکام بنائی گئی

1984 سے 1995 تک پنجاب میں ہزاروں سکھوں کی جبری گمشدگیاں، قتل

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت میں سکھوں کے خلاف ماورائے عدالت قتل کی تاریخ کے اوراق ناقابل شمار ہیں، 1984 میں اندرا گاندھی کے قتل کے بعد دہلی ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم آفس کی تزئین و آرائش کیلئے 6 کروڑ رکھنے کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نئے مالی سال کے بجٹ میں وزیراعظم آفس کی سجاوٹ کیلئے بھی فنڈز مختص کردیے گئے، بجٹ میں وزیراعظم آفس کی تزئین و آرائش کیلئے 6 کروڑ 50 لاکھ روپے رکھنے کی تجویز ہے جبکہ منسٹرز انکلیو ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: عیدالاضحی کے موقع پر خواتین خریداری کررہی ہیں

برطانوی شہری کی طبیعت خراب، دوحہ جانیوالی پرواز کی کراچی میں ایمرجنسی لینڈنگ

کراچی (بیورو رپورٹ) اسلام آباد سے دوحہ جانیوالی پرواز میں سفر کرنے والے برطانوی شہری کی طبیعت خراب ہونے پر طیارے کو ہنگامی طور پر کراچی میں لینڈ کرا دیا گیا، ایوی ایشن ذرائع کے مطابق قطر ایئرویز ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان کوئٹہ، وزیراعلیٰ آبائی علاقے بیکڑ ڈیرہ بگٹی میں عید منائینگے

سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کچلاک، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی چمن، محمود خان اچکزئی گلستان

لیاقت لہڑی، علی مدد جتک، ولی محمد نورزئی، بخت محمد کاکڑ، جمال رئیسانی، نواب محمد اسلم رئیسانی، نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، میر عاصم کرد گیلو کوئٹہ

ثناء اللہ زہری، امیر حمزہ زہری کراچی اور دبئی، اسد بلوچ پنجگور، رحمت صالح بلوچ پنجگور، مولانا عبدالواسع کوئٹہ میں عید منائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) کون کہاں عید منائے گا گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل گورنر ہاؤس کوئٹہ، وزیراعلیٰ ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں 69 لاکھ سے زائد جانوروں کی قربانی متوقع

کھالوں کی مجموعی مالیت 6 ارب 35 کروڑ سے زائد ہوگی، ٹینریز ایسوسی ایشن

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹینریز ایسوسی ایشن نے عیدالاضحی 2025 کے موقع پر جانوروں کی قربانی اور کھالوں پر اہم اعداد و شمار جاری کر دیئے، رواں سال ملک بھر میں 69 لاکھ 77 ہزار 565 جانوروں کی قربانی متوقع، کھالوں کی مجموعی مالیت 6 ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ و اندرون بلوچستان میں نماز عید الاضحیٰ کے اوقات...

کوئٹہ و اندرون بلوچستان

6:00

شہید شفیق احمد خان سکول خطیب: مفتی ابراہیم خلیل اللہ،

06:15 بجے۔۔۔

عیدگاہ جامع مسجد مدنی مینگل آباد کرانی، خطیب: مولانا شریف اللہ مینگل۔ جامع مسجد اقراء فضل کالونی جان محمد روڈ، خطیب: مولانا قاری عصمت اللہ مدنی۔ جامع مسجد فیض جامعہ فیض الحرم سیٹلائٹ ٹاؤن، خطیب: مولانا مفتی محمد احمد۔ عیدگاہ جامع مسجد مدنی مینگل آباد کرانی، خطیب: مولانا شریف اللہ مینگل۔

06:45 بجے۔۔۔

جامع مسجد اکبری بلوچ کالونی جوائنٹ روڈ کوئٹہ، خطیب: مولوی عبدالماجد۔ ہیلپر ہائی اسکول گراؤنڈ، خطیب: مولانا عبدالرحمن رفیق۔ جامع مسجد اکبری بلوچ کالونی جوائنٹ روڈ کوئٹہ، خطیب: مولوی عبدالماجد۔

7:00 بجے۔۔۔

عیدگاہ جی او آر کالونی، خطیب: مولانا مفتی محمد روزی خان۔ کلی گل محمد سیدان ائیرپورٹ روڈ، خطیب: مفتی اکرام اللہ اخوندزادہ۔ جامعہ دارالعلوم اسلامیہ معروف ٹاؤن مشرقی بائی پاس کوئٹہ، خطیب: مولانا حافظ محمد ابراہیم ابن حقانی۔ جامع مسجد پائیزئی رشید چوک پشتون آباد، خطیب: ...

کلی وزیر آباد کچلاک، خطیب: مولوی عبدالرحمن۔

7:15 بجے۔۔۔

خان احمد جان جامع مسجد کچلاک، خطیب: مولوی فیض اللہ۔ جامع مسجد کلی خانوا اکبر آباد کچلاک، خطیب: حاجی عبدالصمد کاکڑ۔ مدرسہ عربیہ بحرالعلوم کچلاک جامع مسجد مولانا عبدالباری مرحوم، خطیب: مولوی عبدالجبار۔ جامع مسجد ابوحنیفہ نزد ملک عبداللہ جان ہوٹل کچلاک، خطیب: مولوی حمداللہ۔ جامع مسجد کلی ملا خیل آباد حاجی نعمت اللہ ملاخیل، خطیب: مولوی قطب الدین حلال۔ جامع مسجد کلی ملک محراب خان کاکڑ، مولوی محمد غوث۔ مسجد عتاشہ محلہ ندیم خان کلی خان احمد جان کچلاک، خطیب: مولوی عمر شاہ۔ مسجد حاجی پائے وزیر آباد کچلاک، خطیب: مولوی نصرالدین۔ مسجد دارالسلام لی سملی کچلاک، خطیب: خلیفہ عبداللہ۔ جامع مسجد کلی حاجی عبدالرحیم کاسی سملی، خطیب: مولوی اشرف جان۔ مسجد قباء ملی سکشم، خطیب: مفتی شمس الدین برشوری۔

7:30 بجے۔۔۔

کلی ملک تاج محمد خان کچلاک، خطیب: مولوی محمد حنیف۔ چمن مسجد کلی اسٹیشن کچلاک، خطیب: مولوی آغا۔ جامع مسجد حاجی اختر محمد بشیر بس اڈہ چمن روڈ کچلاک، خطیب: مولوی عبداللہ حقانی۔ کلی ...

مفتاح العلوم قلی آوزئی کچلاک، خطیب: الحاج مولوی رکن الدین۔ مسجد طوبیٰ کلی خان احمد جان کچلاک، خطیب: مولوی بسم اللہ۔ مسجد قاسم خان وزیر آباد کچلاک، خطیب: مولوی داد محمد۔ محمدی مسجد ملک وزیر خان کچلاک سٹی-1، خطیب: مولوی عبدالصمد شاہ۔ چمن مسجد ...

مسجد نور، حیدر کوارٹر لاگ ایریا، کوئٹہ کینٹ۔ خطیب: مولانا عبدالمتین قطب۔ وقت: 7:00 سات بجے! نماز عید الاضحیٰ: 7 بجے پڑھیں۔

پشین میں نماز عید الاضحیٰ کے اوقات

دشت میں نماز عید الاضحیٰ کے اوقات

کچلاک میں نماز عید الاضحیٰ کے اوقات

سیمک بلوچ نے عید الاضحیٰ کے موقع پر اپنے لوگوں کو زمین کا تحفہ دے دیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے ضلع چاغی سے تعلق رکھنے والی سیمک بلوچ نے عید الاضحیٰ کے موقع پر اپنے لوگوں کو زمین کا تحفہ جہاں پر 2022 کے سیلاب سے متاثرہ ہاؤسنگ کنسٹرکشن یونٹ اور افراپ پروگرام کے تحت اور غیر سرکاری تنظیم ترقی فاؤنڈیشن کے ذریعے ایک ماڈل ویلج کی تعمیر کے بعد وہ لوگ اپنے گھر کے مالک بن سکیں گے۔ جس پر انہوں نے غیر سرکاری تنظیم ترقی فاؤنڈیشن سیمک بلوچ کے اس کام پر خراج تحسین پیش کرتی ہے۔

مشکی، نوحصار میں گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت روکی جائے، علاقہ مکین

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے نواحی علاقے مشکی، نوحصار اور قریبی علاقوں میں گندے پانی سے کاشت کیا گیا دھنیا، پالک، شلغم اور گوبھی و دیگر عوام کے لئے مشکل اور تشویش کا باعث ہیں راہ گزرتے لوگوں کا کہنا ہے کہ گندے پانی سے سبزیوں کے کھیتوں کو سیراب کرنے کے بعد وہاں بدبو پھیل جاتی ہے جس کی وجہ سے انہیں مشکلات کا سامنا ہے، عوامی حلقوں کو کہنا ہے کہ ...

مسلمان قربانی کر کے آپ ﷺ کی سنت ادا کرتے ہیں، عبدالقدیر اعوان

خواہشات کو قربان کر کے احکام خداوندی کو بجا لانا ہی قربانی ہے، خطبہ جمعہ سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) سنت ابراہیمی (قربانی) جو کہ نبی کریم ﷺ نے ادا کی ہم قربانی کر کے آپ ﷺ کی سنت ادا کرتے ہیں۔ اللہ کی راہ میں جانور ذبح کر کے اس اجر عظیم میں حصہ پا لیتے ہیں جو حضرت ابراہیم نے حضرت اسماعیل کی گردن پر چھری چلا کر پایا۔ شرط یہ ہے کہ ہمارا یہ عمل خالص نیت کے ساتھ ہو صرف اور صرف اللہ کی رضا کا حصول ہو۔ اپنی خواہشات ذاتی کو قربان کر کے احکام خداوندی کو بجا لانا اصل قربانی ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب انہوں نے کہا کہ قربانی کے جانوروں کا بہت زیادہ خیال رکھا جائے اور جب آپ انہیں ذبح کر لیں پھر ان کا گوشت عزیز داروں اور ضرورتمندوں کو بھی دیں اور اللہ کا شکر ادا کریں۔ یاد رکھیں اللہ کے ہاں ان جانوروں کا خون پہنچتا ہے نہ گوشت بلکہ اللہ کے ہاں ہمارا وہ تقویٰ پہنچتا ہے اور باطن کا وہ حال جس کا تعلق نیت سے ہے تقویٰ کا گھر ہمارا قلب ہے۔ جہاں سے تمام خیالات اور احکامات صادر ہوتے ہیں اور اس کی اصلاح ذکر قلبی سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسان اور جانور دونوں اللہ کی تخلیق ہیں اس نے یہ احسان فرمایا کہ جانوروں کو ہمارے تابع کر دیا ہم ان کی قربانی کرتے ہیں ان کا گوشت کھاتے ہیں اور پھر ہمارے لیے عزت بھی ہیں۔ اس سارے کی بنیاد تقویٰ ہے کہ ہم اللہ کی عظمت بیان کریں جب ہم پورے شوق اور پورے اہتمام کے ساتھ یہ قربانی کا فریضہ سرانجام دیں گے تو اللہ کی رضا نصیب ہوگی بلکہ نصیب ہوگا اخلاص نصیب ہوگا۔ اور جو استطاعت رکھتے ہیں اور قربانی نہیں کرتے وہ بے شک عیدگاہ کی طرف بھی نہ جائیں۔ یعنی وہ آئے نہ آئے برابر ہے۔ اللہ کریم صحیح شعور عطا فرمائیں۔ آخر میں انہوں نے ملکی سلامتی اور بقا کی اجتماعی دعا بھی فرمائی۔

کوئٹہ شہر کی مویشی منڈیوں میں ڈینگی اسپرے نہ ہوسکا، لائیوسٹاک کا عملہ غائب

کوئٹہ (یو این اے) عید الاضحیٰ قریب آتے ہی کوئٹہ کی مویشی منڈیوں میں رش میں اضافہ ہو گیا ہے، لیکن ان منڈیوں میں ڈینگی اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کے لیے تاحال اسپرے نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ کی غفلت پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر سال مون سون کے موسم میں ڈینگی، مکھیوں اور مچھروں کی افزائش بڑھ جاتی ہے، اس لیے اسپرے ضروری ہوتا ہے، لیکن اس بار مویشی منڈیوں میں نہ صرف اسپرے نہیں کیا گیا بلکہ لائیوسٹاک کا عملہ بھی کہیں نظر نہیں آ رہا۔ اتنے بڑے جانوروں کے ہجوم میں مکھیاں، مچھر اور گندگی عام ہیں، اگر اسپرے نہ کیا گیا تو ڈینگی اور دیگر بیماریاں پھیل سکتی ہیں۔ ایک خریدار نے بتایا۔ منڈیوں میں جانوروں کا فضلہ، خون اور پانی جمع ہونے کے باعث نہ صرف تعفن پھیل رہا ہے بلکہ مکھیوں اور مچھروں کی بہتات ہو گئی ہے۔ صورتحال کے پیش نظر شہریوں نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر ...

کوئٹہ، چیمبر آف سمال انڈسٹریز کے سینئر نائب صدر تاج محمد خان بڑیچ، قومی مشر ولی محمد خان بڑیچ، احمد خان بڑیچ کا قائمقام چیف جسٹس بلوچستان روزی خان بڑیچ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر گروپ فوٹو

کوئٹہ کی مویشی منڈیوں میں سہولیات کا فقدان، شہری پریشان

نہ پانی، نہ سایہ، نہ صفائی انتظامیہ کی غفلت قربانی کی تیاریوں میں رکاوٹ بن گئی

کوئٹہ (یو این اے) عید الاضحیٰ کی آمد پر کوئٹہ کی مویشی منڈیوں میں بنیادی سہولیات کا شدید فقدان شہریوں کے لیے مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ منڈیوں میں نہ پینے کے پانی کا بندوبست ہے، نہ سایہ دار جگہیں دستیاب ہیں، اور نہ ہی صفائی کا کوئی معقول انتظام کیا گیا ہے۔ گرمی اور گرد و غبار کے باعث بزرگوں اور بچوں کو منڈی میں زیادہ دیر ٹھہرنا ممکن نہیں رہا۔ "ہم گھنٹوں منڈی میں پھرتے ہیں، نہ بیٹھنے کی جگہ ہے، نہ پانی، نہ روشنی۔ انتظامیہ صرف جگہ دے کر فارغ ہو گئی ہے۔" ایک خریدار نے شکایت کی۔ صفائی کی ناقص صورتحال کے باعث تعفن پھیل رہا ہے اور بیماریوں کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ بعض مقامات پر جانوروں کا فضلہ جمع ہونے سے راستے گندے اور پھسلن والے ہو چکے ہیں۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر منڈیوں میں پانی، سایہ، صفائی، روشنی اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ قربانی کی تیاری آسان اور محفوظ ہو سکے۔

عید الاضحیٰ، قربانی، رواداری، تحمل مزاجی اور ایثار کا جذبہ پیدا کرتا ہے، سربلند جوگیزئی

یہ خوشی کا موقع دراصل ایک عظیم قربانی کی یاد تازہ اور انسانیت کے جذبے کو ابھارتا ہے، رہنما پی پی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے پوری امت مسلمہ اور اہل وطن کو عید الاضحیٰ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر جہاں مسلمان سنت ابراہیمی پر عمل کرتے ہیں وہیں عید کا یہ پرمسرت موقع پر مسلمانوں میں قربانی، انصاف، رواداری، مساوات، تحمل مزاجی اور ایثار کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ یہاں عید الاضحیٰ کے موقع پر جاری ہونے والے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ خوشی کا موقع دراصل ایک عظیم قربانی کی یاد تازہ کرتا ہے اور اس امر کا متقاضی ہے کہ انسانیت کے جذبے کو پروان چڑھانے کے لئے صبر، استقامت، ایثار اور قربانی کا جذبہ ہونا لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوموں کی تعمیر اور تشکیل میں قربانی، صبر اور استقامت ان کے عروج اور ترقی کا ضامن بنتے ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر عوام سے اپیل کی کہ خوشیوں کے اس تہوار میں غرباء، مساکین اور معاشرے کے نادار افراد کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ انہیں بھی اس تہوار پر خوشیاں میسر ہوں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عید کی عبادات میں ملک اور صوبے میں امن و استحکام اور ترقی کی خصوصی دعائیں مانگیں۔

عید الاضحیٰ پر غریب، یتیم، مساکین کو اپنی خوشیوں میں شامل کیا جائے، رحیم کاکڑ

یوم سفیر حسینیت مذہبی جذبے اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا

کوئٹہ، لائیوسٹاک کی سستی بکرا منڈی صرف فوٹو سیشن تک محدود

عوام الائنس کی لائٹیں لگانے میں صفا کوئٹہ سے تعاون کریں، پشتونخوا میپ

عید الاضحیٰ کا دن مسلمانوں کو خوشیوں میں شریک کرنا بھی فریضہ ہے، مفتی محمد اسماعیل

عید الاضحیٰ کا دن خوشی کے ساتھ امن کیلئے اتحاد اور یکجہتی کا مظہر ہے، عنایت کاسی

نوجوان نسل کو منشیات اور سماجی برائیوں سے دور رکھنا ہی ترجیح ہے، ایمان طاہر محمود

گرمی میں اضافہ کے پیش نظر زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں، رحمان جمالی

قصابوں کی مانگ بڑھ گئی، ریٹ آسمان سے باتیں کرنے لگے

کوئٹہ، اناڑی قصابوں کی بھرمار، شہریوں کو من مانے نرخوں پر لوٹا جائے گا

عید الاضحیٰ کا دن مسلمانوں کو ایثار و قربانی کا درس دیتا ہے، چوہدری نعیم کریم

عید پر بدترین غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کیسکو کے دعوے دھرے رہ گئے

خدمت خلق، عطیات پشتونخوا ملی بنک کو دے کر انسانیت کی خدمت کریں

نوجوان صالح معاشرے کے قیام کیلئے جہد وجہد جاری رکھیں، حافظ محمد سلیمان

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف جرم ہے، حیات اچکزئی

کوئٹہ، ایک شخص عید کے موقع پر خواتین کیلئے چوڑیاں سجا رہا ہے

کوئٹہ کا سب سے بڑا اسپر مال اوباش نوجوانوں کا مرکز بن چکا ہے، نذر بڑیچ

مال کے قیام سے فیملیز کو ایک اچھا ماحول ملا شہر بھر کے سنجیدہ لوگ ماہانہ خریداری کیا کرتے تھے

ذمہ داران صفائی کا انتظام اور بالخصوص ہوباش بے حیا لڑکیوں۔ لڑکوں سے مال کو پاک کریں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پامیر کنزیومر سوسائٹی کوئٹہ کے چیف کوارڈینیٹر نذر بڑیچ نے کہا ہے کہ صوبے کا سب سے بڑا اور سپر مال سٹور BA مال، گندگی کا ڈھیر، اوباش نوجوانوں کا مرکز، بد نظمی کا شکار صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں قائم سپر سٹور BA مسل کے قیام سے شہریوں کو ایک بہترین اور جدید سٹور اور خریداری کا ایک معیاری مال سے کافی حد تک چین سکون اور گھریلو اشیا خورد و نوش و ضروریات زندگی ایک ہی سٹور میں دستیاب ہونے کی سہولت میسر آئی۔ فیملیز کو ایک اچھا ماحول ملا۔ شہر بھر کے سنجیدہ فیملیز مذکورہ سٹور سے ماہانہ بنیاد پر خریداری کیا کرتے ہیں۔ ہم بھی ہر ماہ اسی سٹور سے اشیا خورد و نوش کی خریداری کا موقع ملتا رہا ہے۔ لیکن کل بروز جمعرات 5 جون کو عید کی خریداری کے لیے فیملی کے ساتھ پہنچ گئے تھے بہترین مال اتنا گندگی سے بھرا اور بد نظمی کا یہ حال تھا کہ ہر کوئی بکرا منڈی میں سودا سلف لینے کی طرح گھوم رہے ہیں۔ کوئی سسٹم نہیں جو پہلے کی طرح تھا۔ ہوباش، بدتمیز نوجوانوں کا ریوڑ عورتوں کو تنگ کرنے ان کو آزادانہ طور پر خریداری کی راہ میں رکاوٹ بنتے رہے ہیں شہر کے ہوباش لڑکے اور لڑکیوں کے ملاپ گھومنے کا آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ عزت دار اور فیملیز کے لیے شرم اور انتہائی پریشانی کی ہوئی ہیں۔ آج کے اس تحریر سے متعلقہ مال سٹور BA مال کے ذمہ داران سے عرض ہے کہ وہ صفائی سسٹم اور بالخصوص مسل کو ہوباش بے حیا لڑکیوں۔ لڑکوں سے پاک کریں۔ بد نظمی افراتفری سے مستقبل میں عزت دار فیملیز کے آنے اور خریداری میں مشکلات بلکہ ناممکنات سے بچائے۔ صفائی کی حالت درست کریں۔ ...

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز

عیدالاضحی میں صبر اور اطاعت رضائے الٰہی کا سبق پوشیدہ ہے، سید ناصر

قائمقام چیف جسٹس بلوچستان کو مبارکباد دیتے ہیں، تاج محمد بڑیچ

یوروکرنسی اپنانے کا اعلان، بلغاریہ کی پارلیمنٹ میدان جنگ بن گئی

لسبیلہ کے پہاڑی علاقوں میں پانی کی شدید قلت

اسلام آباد پولیس نے عید کیلئے جامع سکیورٹی پلان تشکیل دی ہے

تائیوان، میک اپ چھینے والی مشہور انفلوئنسر اچانک چل بسیں

مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ کے لیے نئے امریکی کمانڈر نامزد

پیغمبروں کی قربانی انسانیت کیلئے روشن مثال ہے، یوسف رضا گیلانی

عیدالاضحی ہمیں جلیل القدر پیغمبروں کی عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے، بلال کاکڑ

مقدس موقع پر ایثار و قربانی کے آفاقی پیغام کو عام کیا جائے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

عیدالاضحی پر مستحقین کو خوشیوں میں شریک کریں، کاشف حیدری

عیدالاضحی محبت، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے، عادل آکاش

اور ماڑہ، نایاب مگرمچھ کو زندہ جلانے کے واقعے میں پیشرفت

جیکب آباد، فریج کمپریسر میں گیس بھرنے کے دوران دھماکہ

اوتھل میں ڈکیتی کا مقدمہ، پولیس نے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کی توقع

نیویارک میں خالصتان زندہ باد کے نعرے

سبی لیویز کی کارروائی دو مشکوک افراد گرفتار، اسلحہ برآمد

ایرانی پیٹرول پر پابندی کوئٹہ میں رکشوں کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ

گوادر میں بہادری کی مثال شہید ہونے والا سپاہی خماری بلوچ قوم کا اسلام

ایلون مسک کا نئی سیاسی جماعت بنانے کا عندیہ، عوام سے رائے مانگ لی

قربانی کا اصل فلسفہ تقویٰ اور اللہ کی رضا کا حصول ہے، ذوالفقار طارق

حج کے دوران طبی انقلاب! دنیا کی پہلی اسمارٹ فالج ایمبولینس مکہ میں متعارف

گرینڈ الائنس کے مطالبات کا ہر فورم پر دفاع کریں گے

مودی راج میں عیدالاضحی منانا جرم بن گیا

بغیر تصدیق خبریں چلانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی، محمد بلوچ

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 7 جون 2025ء

عیدالاضحیٰ کا اصل پیغام: اتحاد و اتفاق اور باہمی تعاون کا عملی درس

آج پاکستان سمیت دنیا کے کئی ممالک میں عیدالاضحیٰ پورے مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام سے منائی جا رہی ہے، جبکہ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں یہ مبارک دن جمعہ کو منایا گیا۔ عیدالاضحیٰ کے روح پرور اجتماعات مسجد الحرام اور مسجد نبوی ﷺ میں منعقد ہوئے، جہاں امت مسلمہ، بالخصوص فلسطین کے مظلوم بھائیوں کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ یہ پرمسرت موقع ہمیں صرف قربانی اور ایثار کی یاد دلاتا ہے بلکہ اتحاد اور یگانگت کا عظیم درس بھی دیتا ہے، جو آج وطن عزیز پاکستان اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہے۔ عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم قربانی کی یادگار ہے۔ یہ ہمیں سکھاتا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی رضا کے لئے ہر چیز قربان کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ یہ صرف جانوروں کی قربانی نہیں بلکہ اپنی نفسانی خواہشات، ذاتی مفادات اور تفرقہ پرستی کو بھی قربان کرنے کا نام ہے۔ اس دن مسلمان ایک ساتھ عید گاہوں اور مساجد میں جمع ہوتے ہیں، کندھے سے کندھا ملا کر نماز ادا کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو گلے لگا کر عید کی مبارکباد دیتے ہیں۔ یہ مناظر ہمیں بتاتے ہیں کہ دین اسلام ہمیں یکجا رہنے اور ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہونے کا حکم دیتا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم آج اس عظیم الشان دن کے موقع پر اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگیں فلسطینی اور کشمیری بھائیوں کو اپنی دعاؤں میں خصوصی طور پر یاد رکھیں جن پر یہود و ہنود نے ظلم اور بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے اسی طرح ہمیں آج کے دن اپنے گریبانوں میں بھی جھانکنے کی ضرورت ہے کہ ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں اور ہم ان سے کس قدر عہدہ برآ ہو رہے ہیں آج کے دن کا یہ تقاضہ ہے کہ ہم اپنے گریبان میں جھانکیں کہ بحیثیت پاکستانی اور بحیثیت مسلمان ہماری جو انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریاں ہیں ہم ان کی بجا آوری کر رہے ہیں یا نہیں؟ آج کے دن کا تقاضہ ہے کہ ہم یہ عہد کریں کہ اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کریں گے وطن کی ترقی استحکام خوشحالی اور سلامتی کے لئے تعمیری کام کریں گے ہمیں یہ عہد کرنا چاہئے کہ ہم ملک و قوم کے مفاد کو اہمیت دیں گے سیاست اور گروہ بندی سے بالاتر ہو کر ارض پاک کی ترقی استحکام اور خوشحالی کے لئے اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کی بجا آوری کریں گے اور دشمن کی سازش اور چالوں کو سمجھتے ہوئے اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کا عملی مظاہرہ کریں گے باہمی تعاون کو فروغ دیں گے اور مدد کا جذبہ پروان چڑھائیں گے یہ مدد اور باہمی تعاون بحیثیت پاکستانی ہمارے آپس میں بھی ضروری ہے اور بحیثیت مسلمان بھی ہمیں اپنے مسلم بھائیوں کے مابین اتحاد و اتفاق یکجہتی، باہمی تعاون، مدد، ایثار اور قربانی کے جذبے کو پروان چڑھانے کی اشد ضرورت ہے آج امت مسلمہ کو بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے۔ فلسطین میں جاری مظالم، کشمیر میں طویل عرصے سے جاری کشیدگی، افغانستان میں امن و استحکام کی تلاش، عراق اور شام میں داخلی بحران، اور دنیا کے دیگر حصوں میں مسلمانوں پر ہونے والے مظالم نے امت کو ایک مشکل دوراہے پر لا کھڑا کیا ہے۔ اقتصادی عدم استحکام، سماجی ناہمواری، اور سیاسی انتشار نے بھی مسلم ممالک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ ان حالات میں، عیدالاضحیٰ کا پیغام مزید اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔ ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ جب تک ہم متحد نہیں ہوں گے، ان چیلنجز کا مقابلہ کرنا ناممکن ہوگا۔ پاکستان، جو کہ اسلامی دنیا کا ایک اہم ملک ہے، بھی اندرونی اور بیرونی چیلنجز سے نبرد آزما ہے۔ اقتصادی مشکلات، سیاسی عدم استحکام، دہشت گردی، اور سماجی تفریق نے قوم کو تقسیم کر رکھا ہے۔ ایسے میں، عیدالاضحیٰ کا موقع ہمیں ایک پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے جہاں ہم اپنے اختلافات بھلا کر ایک قوم بننے کا عہد کر سکتے ہیں۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہماری طاقت ہماری یکجہتی میں پنہاں ہے۔ جب ہم مذہب، رنگ، نسل، اور لسانی تعصبات کو بالاتر رکھ کر ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوں گے، تب ہی ہم حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکیں گے۔ عیدالاضحیٰ ہمیں یہ بھی یاد دلاتی ہے کہ ہم ایک عالمی برادری کا حصہ ہیں۔ مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں فلسطین سمیت پوری امت مسلمہ کے لئے کی جانے والی دعائیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ مسلمانوں کا دکھ سانجھا ہے۔ ہمیں عالمی سطح پر بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کو فروغ دینا چاہئے۔ مسلم ممالک کو اقتصادی، تعلیمی، اور سماجی میدانوں میں ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہئے تاکہ امت مجموعی طور پر مضبوط ہو سکے۔ بین الاقوامی فورمز پر مشترکہ آواز اٹھانا اور مظلوم مسلمانوں کے حقوق کے لئے آواز بلند کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ عیدالاضحیٰ صرف ایک تہوار نہیں بلکہ ایک درس گاہ ہے۔ یہ ہمیں قربانی، ایثار، صبر، اور استقامت کا سبق دیتی ہے۔ یہ ہمیں سکھاتی ہے کہ ذاتی مفادات پر اجتماعی بھلائی کو ترجیح دی جائے۔ ہمیں اپنے اندر کے تعصبات، نفرتوں اور تقسیم کو قربان کرنا ہوگا۔ ایک دوسرے کو سمجھنے، معاف کرنے اور آگے بڑھنے کا عہد کرنا ہوگا۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنے دلوں کو پاک کریں اور ایک دوسرے کے لئے محبت، ہمدردی اور احترام کے جذبات پیدا کریں۔ موجودہ حالات میں، ہمیں بطور مسلمان اور بطور پاکستانی کچھ عملی اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں ہر قسم کی فرقہ واریت اور مذہبی انتہا پسندی سے دور رہنا چاہئے۔ اسلام امن، بھائی چارے اور برداشت کا دین ہے۔ ہمیں معاشی طور پر خود مختار بننے کی کوشش کرنی چاہئے۔ خود انحصاری ہی ہمیں بیرونی دباؤ سے آزادی دلا سکتی ہے۔ تعلیم ہر قسم کی ترقی کی بنیاد ہے۔ ہمیں تعلیمی میدان میں سرمایہ کاری کرنی چاہئے تاکہ ہماری آئندہ نسلیں بہتر مستقبل کی حامل ہوں۔ معاشرے میں انصاف اور برابری کو فروغ دینا چاہئے۔ ہر شہری کو اس کے حقوق ملنے چاہئیں تاکہ کسی میں محرومی کا احساس نہ ہو۔ سیاسی قائدین کو اپنے اختلافات بھلا کر ملک و قوم کے مفاد کو مقدم رکھنا چاہئے۔ ایک مضبوط اور مستحکم سیاسی نظام ہی ملک کو آگے لے جا سکتا ہے۔ آج کا یہ مبارک دن ہمیں ایک نئی امید، ایک نیا عزم اور ایک نیا راستہ دکھاتا ہے۔ ہمیں اس پیغام کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنانا چاہئے اور صرف اس دن نہیں بلکہ ہر دن اتحاد، بھائی چارے اور یگانگت کے اصولوں پر عمل پیرا رہنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اس پیغام کو سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے، اور ہمیں ایک مضبوط، متحد اور خوشحال امت مسلمہ بنانے میں مدد فرمائے۔ آمین۔

بھارت کی پاکستان کے "دفاعی نظام" کو مفلوج بنانے کی تیاری

برملا — نصرت جاوید

دن بدلتے رہتے ہیں

قرطاس — جاوید اعوان

محمد بلال کی داستان شجاعت

افکار زاہدی — نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.nuhz@gmail.com

'ثنا یوسف، ہاں بھی موت نہ بھی موت'

انتخاب — محمد حنیف

یادوں کے افق پر ـــ سعید آسی ایک فکری مشعل بردار

حسب ارشاد — ارشاد حسن خان (سابق چیف جسٹس)
ihkhanpk@gmail.com

آپریشن سندور اور بی جے پی کی لیڈر شپ

نوید فکر — نعیمہ احمد مہجور

دعاؤں سے غزہ میں جنگ بندی کی امیدیں

تاثرات — سید مجاہد علی

کوہلو، ایف سی ناتھ کی جانب سے شہید جسٹس محمد نواز بلڈ بینک کا قیام

بلڈ بینک خون کی فوری فراہمی کا ذریعہ بلکہ انسانی ہمدردی کی روشن مثال ہے

کوہلو (ایوبین اے) کوہلو کے دور افتادہ علاقوں میں بھی سہولیات کی کمی ایک دیرینہ مسئلہ رہی ہے، ایسے میں فرنٹیئر کور ناتھ کی جانب سے شہید جسٹس محمد نواز کے نام سے منسوب بلڈ بینک کا قیام ایک مثبت قدم اور احسن قدم ہے۔ یہ بلڈ بینک نہ صرف ہنگامی بھی صورتحال میں خون کی فوری فراہمی کا ذریعہ بنے گا بلکہ انسانی ہمدردی کی روشن مثال بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایف سی ناتھ کے کمانڈنٹ کرنل محمد عمران نے بلڈ بینک کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ایف سی ناتھ کے افسران، سول و عسکری حکام، سیاسی و سماجی شخصیات اور بڑی تعداد میں مقامی عمائدین نے شرکت کی۔ کرنل محمد عمران نے کہا کہ یہ بلڈ بینک صرف ایک عمارت نہیں بلکہ ایک جذبہ ہے، ایک ایسا ادارہ جو انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف سہولت فراہم کرنا نہیں بلکہ ایک ایسا نظام قائم کرنا ہے جو ہر ضرورت مند کی بروقت مدد کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ کوئی بھی مریض صرف اس لیے جان سے نہ جائے کہ اسے بروقت خون نہیں مل سکا۔ ہم نے اس بلڈ بینک کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا ہے تاکہ ہر ضرورت مند کو بروقت اور محفوظ طریقے سے خون فراہم کیا جا سکے۔ کرنل محمد عمران نے کہا کہ ہم نے اس بلڈ بینک کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا ہے تاکہ ہر ضرورت مند کو بروقت اور محفوظ طریقے سے خون فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس بلڈ بینک کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا ہے تاکہ ہر ضرورت مند کو بروقت اور محفوظ طریقے سے خون فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس بلڈ بینک کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا ہے تاکہ ہر ضرورت مند کو بروقت اور محفوظ طریقے سے خون فراہم کیا جا سکے۔

اسٹیٹ آفیسر (ایس او) عبدالخالق اچکزئی نے ڈی سی لیویز کوہلو نواز بلڈ بینک کا قیام کے لیے خصوصی کاوشوں پر ملاقات کر رہے ہیں

امن امان کی بہتری کے لیے سخت اقدام کیے جائیں، عوامی حلقے

امن امان کی بہتری کے لیے سخت اقدام کیے جائیں، عوامی حلقے

ایوب خواہ (آن لائن) عید کے روز امن امان کی بہتری کے لیے سخت اقدام کیے جائیں تاکہ امن کا دشمن محفوظ ہوں پولیس کو چوکس رہنا چاہیے، رپورٹ تفصیلات کے مطابق عید کی رات عید کے روز اور دوسرے روز پولیس امن امان کی کی روک تھام کے لیے سخت اقدام کرے تاکہ عید الفطر کے عید پر جو واقعات ہوئے وہ نہ ہوں کیونکہ پچھلے عید پر بڑی تاریکیاں ہوئیں تھیں

پولیس اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ، سیکورٹی ہائی الرٹ ہو گی، ایس ایس پی کچھی

عید کے پہلے دن اہم شاہراہوں، عید گاہوں، مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر پولیس اہلکاروں کی اضافی نفری تعینات کی جائے گی، رانا محمد دلاور

عوام مشکوک افراد کی اطلاع دیں، علما کرام، امام مساجد، سیاسی و سماجی رہنما، شہری امن و امان کے قیام میں پولیس کے ساتھ تعاون کریں، میڈیا سے گفتگو

بولان (ایس ایس پی) بولان رانا محمد دلاور نے کہا ہے کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر ضلع بھر میں سیکورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ عید کے پہلے دن اہم شاہراہوں، عید گاہوں، مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر پولیس اہلکاروں کی اضافی نفری تعینات کی جائے گی، ڈیوٹی، چھٹی والے دنوں میں واپس بلا لیا جائے گا۔ ایس ایس پی نے کہا کہ شہری مشکوک عوام مشکوک افراد کی اطلاع دیں، علما کرام، امام مساجد، سیاسی و سماجی رہنما، شہری امن و امان کے قیام میں پولیس کے ساتھ تعاون کریں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایس پی بولان رانا محمد دلاور نے کہا کہ عید کے روز امن امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لیے موثر حکمت عملی مرتب کی گئی ہے، پولیس کی تمام نفری کو عید کے پہلے دن اور دوسرے روز تعینات کیا جائے گا۔ ایس ایس پی نے کہا کہ شہری مشکوک عوام مشکوک افراد کی اطلاع دیں، علما کرام، امام مساجد، سیاسی و سماجی رہنما، شہری امن و امان کے قیام میں پولیس کے ساتھ تعاون کریں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایس پی بولان رانا محمد دلاور نے کہا کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر ضلع بھر میں سیکورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ عید کے پہلے دن اہم شاہراہوں، عید گاہوں، مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر پولیس اہلکاروں کی اضافی نفری تعینات کی جائے گی، ڈیوٹی، چھٹی والے دنوں میں واپس بلا لیا جائے گا۔ ایس ایس پی نے کہا کہ شہری مشکوک عوام مشکوک افراد کی اطلاع دیں، علما کرام، امام مساجد، سیاسی و سماجی رہنما، شہری امن و امان کے قیام میں پولیس کے ساتھ تعاون کریں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایس پی بولان رانا محمد دلاور نے کہا کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر ضلع بھر میں سیکورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ عید کے پہلے دن اہم شاہراہوں، عید گاہوں، مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر پولیس اہلکاروں کی اضافی نفری تعینات کی جائے گی، ڈیوٹی، چھٹی والے دنوں میں واپس بلا لیا جائے گا۔ ایس ایس پی نے کہا کہ شہری مشکوک

گوادر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں گوادر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈاکٹر صابر بلوچ کی نگرانی میں کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے جانوروں پر سپرے کیا جا رہا ہے

کیسکو مانجھی پور صارفین کو بجلی فراہم کرنے میں ناکام

شاہی واپڈا فیڈر کی بجلی بند معمولات میں وضو کیلئے پانی تک میسر نہیں ہے

18 سے 20 گھنٹے بند کر دی جاتی ہے، پانچ سو سے سینٹ 100 سے زائد گھرانوں کی بجلی بند ہونے کے باعث پورا محلہ بجلی سے محروم ہو جاتا ہے، جس کے باعث نہ صرف نمازِ عشاء بلکہ فجر کی نماز بھی متاثر ہوتی ہے، مکینوں نے کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فیڈر کی بجلی بحال کی جائے، بصورتِ دیگر احتجاج کیا جائے گا۔ رپورٹ: سید ذوالفقار حسین بخاری، پانچ سو سے زائد گھرانوں کی بجلی بند معمولات میں وضو کیلئے پانی تک میسر نہیں ہے، ڈاکٹر صابر بلوچ

ضلع گوادر میں کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے جانوروں پر ٹک مار اسپرے جاری

مہم گوادر، پسنی، جیونی، پشکان، ماڑہ سمیت ضلع بھر کی تمام بڑی اور چھوٹی مویشی منڈیوں میں جاری ہے

کانگو وائرس ایک جان لیوا بیماری ہے جو چیچڑ ٹک کے ذریعے جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہو سکتی ہے، ڈاکٹر صابر

گوادر (ٹی این) عیدالاضحیٰ کی آمد کے پیش نظر ضلع گوادر میں کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے محکمہ لائیو اسٹاک کے جانوروں پر ٹک مار اسپرے مہم پھر سے شروع کر دی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر صابر بلوچ کی نگرانی میں محکمہ لائیو اسٹاک کی ٹیمیں ضلع بھر کی تمام بڑی اور چھوٹی مویشی منڈیوں میں روزانہ کی بنیاد پر جا رہی ہیں۔ ڈاکٹر صابر بلوچ نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کانگو وائرس ایک جان لیوا بیماری ہے جو چیچڑ (ٹک) کے ذریعے جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہو سکتی ہے، اور قربانی کے موقع پر اس کے پھیلنے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ اسی خطرے کے پیش نظر حکومت بلوچستان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ نے تمام علاقوں میں جانوروں پر اسپرے کروانے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ عوام کی صحت کو محفوظ بنایا جا سکے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ قربانی کے جانوروں کے لیے ان کی صحت یقینی بنائی جائے کیونکہ یہ جانور نہ صرف قربانی کے لیے استعمال ہوں گے بلکہ ان کی صحت کا براہِ راست اثر ان کے گوشت کی کوالٹی پر بھی پڑتا ہے۔ ڈاکٹر صابر بلوچ نے کہا کہ ٹک مار اسپرے کے ساتھ ساتھ عوام میں آگاہی کی مہم بھی چلائی جا رہی ہے تاکہ لوگ خود بھی احتیاطی تدابیر اختیار کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ کانگو وائرس سے متاثرہ مریض کی شرح اموات 30 فیصد تک ہے، اس لیے ہر ممکن احتیاط ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کی خرید و فروخت کے دوران ہاتھوں کو اچھی طرح صاف رکھا جائے، ٹک سے بچاؤ کے لیے مؤثر اسپرے کیا جائے اور ذبح کے بعد جانور کے جسم کو اچھی طرح دھویا جائے۔ ڈاکٹر صابر بلوچ نے کہا کہ اگر کسی شخص میں کانگو وائرس کی علامات ظاہر ہوں تو اسے فوری طور پر قریبی سرکاری اسپتال سے رجوع کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ بروقت تشخیص اور علاج سے مریض کی جان بچائی جا سکتی ہے۔

کمشنر سبی ڈویژن سید زاہد شاہ کا ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ

علاج معالجے اور ادویات کی فراہمی کا جائزہ، سہولیات، صفائی چیک کی

سبی (نامہ نگار) کمشنر سبی ڈویژن سید زاہد شاہ نے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا جہاں انہوں نے سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا اور ہسپتال میں ایمرجنسی سروسز اور مریضوں کی تشخیص، علاج، معالجہ اور ادویات کی فراہمی کے معاملات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں موجود سہولیات، صفائی اور عملے کی موجودگی بھی چیک کی اس موقع پر ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر گوہر واس، ایڈمنسٹریٹر ہسپتال ڈاکٹر عبدالرحمٰن، ڈاکٹر محمد اکمل، ڈاکٹر ثمینہ، ڈاکٹر ثمینہ، ڈاکٹر ثمینہ

روزنامہ
مشرق
کوئٹہ
علامہ منیر احمد یوسفی
لے آؤٹ : وسیم شہزاد پال





سنت ابراہیمی

لفظ "قربان" عربی لغت کے اعتبار سے ہر اس چیز کو کہا جاتا ہے جس کو کسی کے قرب کا ذریعہ بنایا جائے اور اصطلاح شرع میں اس نیت وعمل کو کہا جاتا ہے، جو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے کیا جائے۔ یہ قربانی کا قول ہے، جو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے کیا جائے۔ یہ قربانی کا قول ہے، جو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے کیا جائے۔ یہ قربانی کا قول ہے، جو اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے کیا جائے۔

بزرگ دین حضرت جابرؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول کریمؐ کو جلاوطنی اور اگر قربانی قبول نہ ہوتی تو پہلے عمل ہوتے ہیں اور قربانی بھی ایسا کہ قابل ہوتے ہیں اور قربانی بھی ایسا کہ قابل ہوتے ہیں اور قربانی بھی ایسا کہ قاب

1 پاکستان وسعودی عرب

میں بلاور، صابر خان، شرکت، پاکستان و سعودی قیادت میں برادرانہ تعلقات اور وزیر اعظم کے دورے پر تبادلہ خیال، اعلامیہ جاری، وزیر اعظم شہباز شریف کی سعودی ولیعہد محمد بن سلمان سے ملاقات، کل، میں دونوں ممالک کے درمیان تجربے، اسٹریٹجک اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ و فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سعودی ولیعہد سے ملاقات، اعلامیہ جاری، اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ و وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق ملاقات میں شہباز شریف نے مرحوم شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا، وزیر اعظم نے مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا، وزیر اعظم شہباز شریف نے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کی دعا کی، وزیر اعظم نے سعودی عرب کے عوام اور شاہی خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا، وزیر اعظم نے سعودی عرب کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو سراہا، دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا، دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعاون کو مزید بڑھانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا، دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا، دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا، وزیر اعظم نے سعودی عرب کے عوام کو اپنے اور پاکستانی قوم کی جانب سے عید الاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی، وزیر اعظم نے سعودی عرب کے دورے کی دعوت پر شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولیعہد محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کیا، وزیر اعظم نے سعودی عرب کے دورے کی دعوت قبول کرلی، وزیر اعظم جلد سعودی عرب کا دورہ کریں گے، وزیر اعظم شہباز شریف نے دورے کی تاریخ کا اعلان جلد کرنے کا کہا، وزیر اعظم نے سعودی عرب کے دورے کی دعوت پر شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولیعہد محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کی

ٹرمپ انتظامیہ نے عالمی فوجداری عدالت کی 4 خواتین ججز پر پابندیاں عائد کردیں

اسرائیلی وزیراعظم کے وارنٹ گرفتاری، افغانستان میں امریکی فوجیوں کے مبینہ جنگی جرائم کا مقدمہ کھولنے کا فیصلہ پابندیوں کا باعث بنا

پابندیوں کے تحت ججز کو امریکہ میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ملک میں موجود تمام اثاثے منجمد کردیئے جائیں گے، رپورٹ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکہ نے عالمی فوجداری عدالت کی 4 خاتون ججز پر پابندیاں عائد کردیں، غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ نے عالمی فوجداری عدالت کی 4 ججز پر پابندیاں عائد کیں، ججز پر پابندیاں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کا ردعمل ہے، رپورٹ میں بتایا گیا افغانستان میں امریکی فوجیوں کے مبینہ جنگی جرائم کا مقدمہ کھولنے کا فیصلہ بھی ججز پر پابندیوں کا باعث بنا، ججز کا تعلق سلووینیا، بنین، پیرو، یوگنڈا سے ہے، پابندیوں کے تحت ججز کو امریکہ میں داخلے کی اجازت نہیں ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل حلف برداری تقریب سے قبل بلوچستان ہائیکورٹ کے ججز کیساتھ ملاقات کر رہے ہیں

متعدد معاشی اہداف میں ناکامی، قومی اقتصادی سروے کے اہم نکات سامنے آگئے

مہنگائی 12 فیصد ہدف کے مقابلے صرف 5 فیصد تک محدود، فی کس آمدنی مقرر ہدف سے 34 ہزار 794 کم رہی

نجی شعبے کو قرضے 294 ارب سے بڑھ کر 870 ارب تک پہنچ گئے، مجموعی ریونیو 13 ہزار 367 ارب روپے رہا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں مالی سال قومی اقتصادی سروے کے اہم نکات سامنے آگئے، حکومت کئی اہم معاشی اہداف حاصل نہیں کرسکی، رواں مالی سال کا اقتصادی سروے 9 جون کو جاری کیا جائے گا، دستاویزات کے مطابق متعدد معاشی شرح نمو کا 3.6 فیصد ہدف پورا نہ ہوسکا، رواں مالی سال معاشی شرح نمو 2.7 فیصد ریکارڈ کی گئی، مہنگائی 12 فیصد ہدف کے مقابلے صرف 5 فیصد تک محدود رہی، سروے نکات کے مطابق فی کس آمدنی مقرر ہدف سے 34 ہزار 794 روپے کم رہی، سالانہ فی کس آمدن 5 لاکھ 9 ہزار 174 روپے ریکارڈ کی...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سے لاکھوں مسافر عیدالاضحی منانے اپنے آبائی علاقوں کو روانہ

ٹرانسپورٹروں نے مجبوری کا فائدہ اٹھا کر مسافروں سے ڈبل کرائے وصول کئے

ڈرائیوروں نے ویگنوں و بسوں کی چھتوں پر بھی مسافروں کو بٹھا کر تمام حکومتی ایڈوائزری ہوا میں اڑادی

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے دیگر اضلاع کو جانے والے لوگوں کے انخلاء کا عمل جمعہ کی صبح سے رات گئے تک جاری رہا اور لاکھوں افراد اپنے آبائی اضلاع کو روانہ ہوگئے، سواریوں کی جم غفیر دیکھتے ہوئے بس، کوسٹرز، ویگن، سوزوکی، رکشہ اور گاڑی مالکان نے بھی سو سے دو سو گنا زیادہ کرایے وصول کئے یہی نہیں ویگنوں اور بسوں کی چھتوں پر بھی مسافروں کو بٹھا کر ٹرانسپورٹ اتھارٹیز کی جانب سے جاری کی گئی ایڈوائزری ہوا میں اڑادی گئی تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کو دیگر اضلاع سے آنے ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں پانی کا بحران مزید بڑھنے کا خدشہ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پانی کا بحران مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، واپڈا نے پانی کی دستیابی اور آمد کیا اعداد و شمار جاری کردیئے۔ واپڈا کی جانب سے پانی کی دستیابی اور آمد کے اعداد و شمار کے مطابق 4 روز میں پانی کے قابل استعمال ذخیرے میں 7 لاکھ 23 ہزار ایکڑ فٹ کی ریکارڈ کی گئی، جمعہ کو ملک میں قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 38 لاکھ 56 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔ واپڈا رپورٹ کے مطابق پانی کے قابل استعمال ذخیرے میں گزشتہ روز کی نسبت ایک لاکھ 8 ہزار ایکڑ فٹ کی ہوئی، دریائے سندھ میں پانی کی آمد میں 10 ہزار کیوسک کمی ہوئی، دریائے جہلم میں پانی کی آمد میں 2600 کیوسک کی کمی ہوئی، چشمہ بیراج میں پانی کی آمد میں...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت تعلیمی اصلاحات پر سنجیدگی سے کام کررہی ہے، صوبائی وزیر تعلیم

حکومت نے 3 ہزار کے قریب اسکولوں کو فعال بنا کر وہاں اساتذہ کی تعیناتی یقینی بنائی

نوجوان ملک کا مستقبل ان کے مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے، راحیلہ حمید خان درانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید درانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت تعلیمی اصلاحات پر سنجیدگی سے کام کررہی ہے تاکہ نوجوان نسل کو معیاری تعلیم اور بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں، حکومت نے 3 ہزار کے قریب غیر فعال اسکولوں کو فعال کرکے وہاں اساتذہ کی تعیناتی کو یقینی بنایا ہے۔ یہ بات انہوں نے مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے صوبائی سیکرٹری جنرل میر سجاد رئیسانی کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ وفد میں پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے سینئر نائب ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، عید کے موقع پر شہری مٹھائی خرید رہے ہیں

عیدالاضحیٰ قربانی، خلوص اور بھائی چارے کا پیغام ہے، سلیم کھوسہ

یہ دن ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اطاعت اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کی یاد دلاتا ہے

دعا ہے یہ عید پوری انسانیت کیلئے خیر و برکت کا پیغام لائے، رہنما مسلم لیگ (ن)

نصیرآباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر تمام امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے عید کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ ایثار، قربانی، خلوص اور بھائی چارے کا درس دیتی ہے یہ دن ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اطاعت اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم پر سر تسلیم خم کرکے...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، چرس برآمد، ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) اوتھل پولیس کے عملے نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی ہدایت پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران منشیات فروش چنگیز خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 2 کلو چرس برآمد کرکے مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی مزید کارروائی اوتھل پولیس کررہی ہے۔

ہنہ اوڑک پکنک پوائنٹس بند، انتظامیہ کا نوٹیفکیشن جاری

ہنہ اوڑک، سرہ غلہ، شعبان تک کسی بھی فرد یا گروہ کا تفریحی مقاصد کیلئے جانا منع

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور پولیس نے شہریوں کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر علاقہ تھانہ ہنہ اوڑک کی حدود میں پکنک پوائنٹس ہنہ اوڑک، سرہ غلہ، شعبان تک عوام الناس کی رسائی سختی سے منع ہے کسی بھی فرد یا گروہ کو تفریحی مقاصد کیلئے...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک سے سریاب کے معتبرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

رواں سال ملک بھر میں قربانی کے جانوروں کی فروخت میں اضافہ

اسلام آباد (آئی این پی) مسلمان عیدالاضحیٰ پر اللہ کی راہ میں جانوروں کی قربانی پیش کرتے ہیں رواں برس قربانی کے جانوروں کی فروخت میں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان بھر میں عیدالاضحیٰ (آج) ہفتہ کو مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی جائے گی۔ عید کے تین ایام کے دوران صاحب حیثیت مسلمان سنت ابراہیمی کی پیروی کرتے ہوئے اللہ کی راہ میں جانوروں کی قربانی کریں گے۔ اس کے لیے بہت سارے لوگ جانور خرید لائے ہیں تو چاند رات کو صبح سے ہی ملک بھر کی مویشی منڈیوں میں لوگوں کا رش لگا رہا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ سال کی نسبت جانوروں کی قیمتیں...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

حاجی علی مدد جتک سے سریاب کے قبائلی معتبرین کی ملاقات

درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ پر سریاب متعدد قبائلی معتبرین لوگوں کو درپیش مختلف مسائل سے تفصیلاً آگاہ کیا رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے ان کو غور سے سنا اور انہیں مکمل یقین دہانی کروائی کہ وہ ان...

بختیار آباد ڈاکوؤں نے ویگن روک کر مسافروں کو لوٹ لیا

2029 تک ملکی ترقی کی شرح 6 فیصد تک پہنچائیں گے، احسن اقبال

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی خورد برد کی گئی 190 ملین پاؤنڈ کی رقم سے اسلام آباد میں دانش یونیورسٹی بنائیں گے

اگلے 5 برسوں میں ملکی معیشت کا حجم 600 ارب ڈالر تک لے جائیں گے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے حکومت نے 5 سالہ منصوبہ تیار کیا، 2029 تک ملکی ترقی کی شرح 6 فیصد تک پہنچائیں گے، اگلے 5 برسوں میں ملکی معیشت کا حجم 600 ارب ڈالر تک لے جائیں گے۔ منصوبہ اور ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ کی تقریب میں چیف اکنامسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد کے ہمراہ پریس کانفرنس... ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

عید قربان حضرت ابراہیم کی عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے، ولی محمد نورزئی

امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں، رہنماء (ن) لیگ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ... مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عید قربان ہمیں ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

غریب اور نادار لوگوں کو بھی عید کی خوشیوں میں شامل کریں، صادق عمرانی

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کریں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے عید الاضحیٰ کے مبارک موقع پر امت مسلمہ اور پاکستانی عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے ایک پیغام میں میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ عید الاضحیٰ کا... مبارک دن ہمیں درس دیتا ہے کہ ہم سنت ابراہیمی پر عمل پیرا ہوکر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کریں، انہوں نے کہا کہ اسلام میں قربانی کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم اپنی ذات، اپنے مفاد اور اپنے پیغام سے بالاتر ہوکر اپنے...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کا اب بھی بین الاقوامی سیاست پر اثر و رسوخ برقرار ہے، نیشنل پارٹی

بعض لوگ امریکہ کو تخلیقی سرمایہ دار اور جدید سرمایہ دارانہ نظام کا علمبردار سمجھتے ہیں

مظلوم فلسطینیوں کے قتل عام پر عالمی قوتوں کی خاموشی قابل مذمت ہے، میر طاہر بزنجو

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق سینیٹر میر طاہر بزنجو نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا ہے کہ گو کہ امریکہ اب دنیا کا واحد سپر پاور نہیں رہا، لیکن اب بھی اس کا بین الاقوامی سیاست اور تعلقات پر گہرا اثر و رسوخ برقرار ہے انہوں نے کہا کہ دنیا کے مختلف خطوں میں طاقت کے نئے مراکز ابھر رہے ہیں، چین روس اور ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

چاغی دو گروپوں میں تصادم، 2 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) چاغی کے علاقے میں دو گروپوں میں تصادم کے دوران 2 افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چاغی کے علاقے میں دو گروہوں کے درمیان جھگڑے کے نتیجے میں بلال اور خیراللہ زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی چاغی انتظامیہ کررہی ہے۔

کوئٹہ، موٹر سائیکل چھیننے کے دوران ہاتھا پائی، 3 افراد زخمی

چوروں اور مقامی افراد کے درمیان ہاتھا پائی کے نتیجے میں محمد بخش، نعمان اور قادر بخش زخمی

کوئٹہ (آن لائن) کلی جیو کے علاقے میں موٹر سائیکل چوری کرنے کے دوران چوروں اور مقامی افراد کے درمیان ہاتھا پائی کے نتیجے میں تین افراد محمد بخش، نعمان اور قادر بخش زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی تیاری، ریلیف پیکیج متوقع

گریڈ ایک سے 16، 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس، 17 سے 22 کے ملازمین کیلئے 15 فیصد تنخواہوں میں اضافے کی تجویز

اتحادیوں نے بھی حکومت کو تنخواہوں میں اضافے کا مشورہ دیدیا، حتمی فیصلہ بجٹ سے قبل کابینہ اجلاس میں کیا جائیگا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی تیاری، حکومت کی جانب سے ریلیف پیکیج متوقع ہے، ذرائع کے مطابق گریڈ ایک سے 16 تک کے ملازمین کیلئے 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس، 17 سے 22 کے ملازمین کیلئے 15 فیصد تنخواہوں میں اضافے کی تجویز ہے، آئندہ بجٹ میں تنخواہوں، پنشن میں 10 فیصد 2022 کے ایڈہاک الاؤنس کو بنیادی تنخواہ میں ضم کرنے کی بھی تجویز زیر غور ہے، اتحادیوں نے بھی حکومت کو تنخواہوں میں اضافے کا مشورہ دیدیا، حتمی فیصلہ بجٹ سے قبل کابینہ اجلاس میں کیا جائے گا۔

اے این پی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی حاجی مردان آغا کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

غزہ، پناہ گزین کیمپوں، ہسپتال پر اسرائیلی بمباری، 50 فلسطینی شہید

اسرائیل نے لبنان میں حزب اللہ کے ٹھکانوں پر بھی حملے کیے، کئی عمارتیں تباہ، متعدد شہری جاں بحق

امریکی تجاویز مسترد نہیں کیں، جنگ بندی مذاکرات کے نئے دور میں شامل ہونے کیلئے تیار ہیں، حماس

غزہ (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج نے غزہ میں پناہ گزین کیمپوں اور العہلی ہسپتال پر بمباری کرتے ہوئے 50 فلسطینیوں کو شہید کردیا، غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل نے غزہ میں پناہ گزین کیمپوں اور العہلی ہسپتال کو نشانہ بنایا، اسرائیل نے لبنان میں حزب اللہ کے ٹھکانوں پر بھی حملے کیے، کئی عمارتیں تباہ، متعدد شہری جاں بحق ہوگئے، دوسری جانب حماس رہنما خلیل الحیا نے کہا امریکی نمائندے سٹیو وٹکوف کی تجاویز مسترد نہیں کیں، حماس جنگ بندی مذاکرات کے نئے دور میں شامل ہونے کیلئے تیار ہے۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر واسا پانی فراہم کرنے میں ناکام، ٹینکر مافیا کوئٹہ شہر میں سرگرم

شہری پانی کیلئے ترس گئے، عوام فی ٹینکر 3500 میں خریدنے پر مجبور، واسا حکام خواب غفلت کا شکار

حکام بالا واسا کی کارکردگی کا فوری نوٹس اور پانی کی فراہمی یقینی بنائیں، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر محکمہ واسا شہریوں کو پینے کا پانی فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے بیشتر علاقوں میں ہفتوں سے واسا کی جانب سے پانی کی فراہمی معطل یا نہایت کم ہوچکی ہے، جس کے باعث شہری عوام کو مجبوراً ٹینکرز سے پانی خریدنا پڑ رہا ہے۔ ٹینکر مافیا نے اس صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پانی کی بنیادی ضرورت کے لئے بھی ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے وکیل کو قتل کردیا

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے وکیل کو قتل کردیا، پولیس کے مطابق طفیل ایڈووکیٹ بازار سے خریداری کے بعد گھر لوٹ رہے تھے کہ تاک میں بیٹھے ملزموں نے فائرنگ کردی، فائرنگ سے طفیل ایڈووکیٹ شدید زخمی ہوگئے، فوری...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل

مقتول محمد رفیق کی نعش ہسپتال منتقل ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (آن لائن) ژوب کے علاقے میں ایک شخص محمد رفیق کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ژوب کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ... مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

محکمہ تعمیرات کی شاندار کارکردگی، بلوچستان اسمبلی میں جدید سہولیات کا اضافہ

محکمے نے اسٹینڈنگ کمیٹی کے دفاتر، نئے آڈیٹوریم ہال و کانفرنس روم مکمل کر کے مثال قائم کردی

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ مواصلات و تعمیرات بلوچستان نے صوبائی اسمبلی اسٹینڈنگ کمیٹی کے دفاتر، نئے آڈیٹوریم ہال و کانفرنس روم کا منصوبہ اعلیٰ تعمیراتی معیار اور قلیل ترین مدت میں مکمل کرکے ایک نئی مثال قائم کی ہے۔ ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی کا رجحان

اسلام آباد (این این آئی) رواں ہفتے ملک میں مہنگائی کی شرح معمولی کم ہوئی، ایک ہفتے میں 18 اشیاء سستی، 6 مہنگی، 27 کی قیمت میں استحکام رہا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق رواں ہفتے کے دوران مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں مزید 0.02 فیصد کی واقع ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر 16.94 فیصد، آلو 11.52 فیصد، انڈے 1.34 فیصد، پیاز 5.21 فیصد، گڑ 0.81 فیصد، کیلے 1.57 فیصد، چینی 1.24 فیصد، دال ماش 0.46 فیصد، دال مسور 0.65 فیصد، دال چنا 0.44 فیصد، باسمتی ٹوٹا چاول 1.02 فیصد، تازہ دودھ 0.47 فیصد اور پیٹرول 0.41 فیصد مہنگا ہوا۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے چکن 11.22 فیصد، لہسن 3.71 فیصد، ایل پی جی 0.76 فیصد...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ کے موقع پر طبی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی جاری رہیگی، بخت محمد کاکڑ

تمام ضلعی، تحصیل ہسپتالوں، بی ایچ یوز اور ریسکیو اداروں کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں

عید کے ایام میں طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، ایمرجنسی سروسز کیلئے جامع پلان تیار ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے مقدس موقع پر صوبے بھر میں عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ اس سلسلے میں تمام ضلعی و تحصیل ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت اور ریسکیو اداروں کو خصوصی ہدایات جاری کردی گئی ہیں، انہوں نے کہا کہ عید کے ایام میں طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، خون کی منتقلی، ایمرجنسی سروسز اور صفائی کے...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

اللہ تعالیٰ عید کو امت مسلمہ کیلئے خیر کا پیغام ثابت فرمائے، لیاقت لہڑی

اہل اسلام کو عیدالاضحیٰ کے بابرکت موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی نے عید الاضحیٰ کے بابرکت موقع پر تمام اہل اسلام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ عید قربان صرف ایک مذہبی تہوار نہیں، بلکہ یہ ہمیں قربانی، اخوت، ہمدردی اور اتحاد کا درس دیتی ہے، ... حضرت ابراہیم علیہ السلام...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیپر ٹو ٹاؤن دستاویز نے الیکٹرک کی ناقص کارکردگی کا بھانڈا پھوڑ دیا

اسلام آباد (آئی این پی) ٹیپر دستاویز نے الیکٹرک کی ناقص کارکردگی کا بھانڈا پھوڑ دیا ... الیکٹرک وفاق ... سستی بجلی خریدنے کے بجائے مہنگی بجلی ... . بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت علما اسلام شہادتوں سے مرعوب نہیں ہوگی، مولانا شرودی

عیدالاضحیٰ کے حقیقی پیغام کو سمجھتے ہوئے ایثار، قربانی اور بھائی چارے پر عمل کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا شاہ محمد سید حاجی عبدالواحد آغا مولانا محمد ساسولی مولانا محمد ہاشم ... . بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ہمیں عید کے موقع پر مستحقین کا خاص خیال رکھنا ہوگا، منظور کاکڑ

اہل اسلام و اہل وطن کو سنت ابراہیمی کا پرمسرت موقع مبارک ہو

عیدالاضحیٰ ایثار، قربانی، اتحاد، اطاعت اور خلوص کا درس دیتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری منظور کاکڑ نے عیدالاضحیٰ کے مقدس موقع پر امت مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عید قربان حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل کی عظیم قربانی کی یادگار ہے جو ہمیں ایثار...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

امت مسلمہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے عالمگیر پیغام کو عام کرے، جمعیت نظریاتی

امت مسلمہ ایک جسم کی مانند مظلوم فلسطینیوں اور کشمیریوں کی تحریک آزادی کا حصہ بنے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین مولانا شمس الہدیٰ

عیدالاضحیٰ کے اجتماعات میں اسرائیلی درندگی کے خلاف مذمتی قرار دادیں اور ملک میں 18 سال سے کم عمری شادی بل کو یکسر مسترد کیا جائے، مولانا محمود حسن قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین نائب سرپرست مولانا شمس الہدیٰ مولانا محمود حسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبہ سندھ امیر مولانا ساسانی عزیز احمد شاہ امروٹی خیبر پختونخوا کیمبوائی امیر قاضی گل الرحمن نکیال صوبہ پنجاب کیا امیر مولانا قاری شاہ اللہ قاری اکمل حافظ عبدالاحد کبدانی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف ضلعی امیر کوئٹہ مولانا قاری مہراللہ صوبائی محتسب مولانا ...... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ دراصل اپنی خواہشات، انا اور نفرتوں کی قربانی کا دن ہے، جمال شاہ کاکڑ

یہ دن اور سنت ابراہیمی ہمیں درس دیتا ہے کہ اللہ کی رضا کیلئے سب کچھ قربان کیا جائے

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے عید قربان کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ مسلمانوں کے لیے ایک عظیم مذہبی تہوار ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس بے مثال قربانی کی یاد میں منایا جاتا ہے جو انہوں نے اللہ کے حکم پر اپنی سب سے پیاری چیز، اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کے لیے پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں ایثار...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

لبنان پر حملے عالمی قوانین کی خلاف ورزی، دنیا اسرائیل کیخلاف کارروائی کرے، دفتر خارجہ

طاقت کا لاپرواہی سے استعمال شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے اور دیرپا امن کوششوں کیلئے نقصان دہ ہے

پاکستان مشکل گھڑی میں لبنان کی حکومت، عوام کیساتھ کھڑا ہے اور امن، انصاف، عالمی قانون کے اصولوں کیلئے پرعزم ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے بیروت اور لبنان کے جنوبی مضافاتی علاقوں پر اسرائیلی افواج کے فضائی حملوں کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے عیدالاضحیٰ کے موقع پر شروع کیے گئے حملے بین الاقوامی قانون، لبنان کی خودمختاری اور جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہیں، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا طاقت کا لاپرواہی سے استعمال شہریوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے، علاقائی عدم استحکام کو فروغ دینے اور دیرپا امن کی کوششوں کیلئے نقصان دہ ہے، پاکستان مشکل گھڑی میں لبنان کی حکومت اور عوام کیساتھ کھڑا ہے، پاکستان نے بین الاقوامی...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، دکاندار عیدالاضحیٰ کی مناسبت سے کوئلے فروخت کر رہا ہے

لوئر دیر، پاک فوج کی کامیابی کے اعتراف میں خصوصی جرگہ

لوئر دیر (آئی این پی) بھارت کے خلاف آپریشن بنیان المرصوص میں پاک فوج کی عظیم کامیابی کے اعتراف میں لوئر دیر میں ایک خصوصی گرینڈ جرگہ منعقد کیا گیا، جس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور عمائدین نے شرکت کی۔ اس جرگہ کا مقصد پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنا اور قومی اتحاد و یکجہتی کا بھرپور مظاہرہ کرنا تھا۔ اس اہم تقریب میں کمانڈنٹ دیر اسکاؤٹس بریگیڈیئر ثناء اللہ کی خصوصی شرکت نے اس موقع کی اہمیت کو مزید بڑھا دیا۔ جرگہ کے دوران تمام سیاسی رہنماؤں نے پاک فوج کی بہادری، قربانیوں اور آپریشن بنیان المرصوص کی...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس نے ایک سنیچر کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے، پولیس

کوئٹہ (یو این اے) بجلی گھر پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک سنیچر کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جبکہ اس کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل اور پستول برآمد کرلیا گیا۔ ایس ایچ او مجید قیصرانی نے چارج سنبھالنے کے بعد صرف دو دنوں میں چوروں اور سنیچروں کے خلاف موثر کارروائیاں کیں۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ایک اور کارروائی کے دوران بھی ایک سنیچر کو گرفتار کرکے...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ایلس میں ایک نئے تجرباتی فیچر کی آزمائش

نیویارک (آئی این پی) ایلس (ٹوئٹر) میں ایک نئے تجرباتی فیچر کی آزمائش کا اعلان کیا گیا ہے جس کے دوران ایسی پوسٹس کو نمایاں کیا جائے گا جو ایسے افراد بھی پسند کرتے ہیں جو عموماً اس طرح کے مواد سے اتفاق نہیں کرتے۔ اس فیچر کے لیے ایکس کے کمیونٹی نوٹس پلیٹ فارم کو استعمال کیا جائے گا۔ کمیونٹی نوٹس فیچر کو اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب صارفین کی جانب سے مواد کو گمراہ کن یا غلط مارک کیا جاتا ہے۔ کمپنی نے بتایا کہ کمیونٹی نوٹس میں حصہ ڈالنے والے کچھ صارفین کو پوسٹس نظر آئیں گی جن پر انہیں ریٹنگ اور فیڈ بیک فراہم کرنے کا کہا جائے گا...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، عید کی خریداری کے باعث منان چوک پر ایک ٹریفک اہلکار ٹریفک کو ترتیب سے چلا رہا ہے

نصیرآباد ڈویژن کے نمائندے اپنے علاقوں میں عید منائیں گے

خالد مگسی، جھل مگسی، یار محمد رند، سنی شوران اور صادق عمرانی، ڈیرہ مراد جمالی میں ہوں گے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) عیدالاضحیٰ کون کہاں منائے گا نصیرآباد ڈویژن کے سیاستدان اپنے اپنے علاقوں میں عید منائیں گے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر و وفاقی وزیر نوابزادہ میر خالد حسین مگسی جھل مگسی میں رند... قبیلے کے سربراہ سابق وفاقی وزیر سردار یار محمد رند سنی شوران صوبائی وزیر سردار زورک خان ڈومکی لہڑی صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی ڈیرہ مراد جمالی ایم این اے میر خان محمد جمالی خان گڑھ جمالی جعفرآباد میر سکندر علی خان عمرانی ڈیرہ مراد جمالی جاموٹ قومی موومنٹ کے چیئرمین میر ماجد ابڑو ڈیرہ مراد جمالی...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت جلسہ میں وطن کے ہمہ جہت مسائل پر گفتگو ہوگی، پی کے میپ

نیو عوام 10 جون، بروز منگل، زیارت فٹبال گراؤنڈ جلسہ میں اپنی شرکت یقینی بنائیں

پارٹی چیئرمین و سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان محمود خان اچکزئی کا خصوصی خطاب ہوگا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں ضلع زیارت کے غیور، باشعور، وطن دوست، جمہوریت پسند عوام سے عید کے چوتھے دن 10 جون بروز منگل ضلع زیارت فٹبال گراؤنڈ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ٹک ٹاکر ثناء یوسف کے قتل کے خلاف عورت مارچ اسلام آباد کا مظاہرہ

اسلام آباد (آئی این پی) عورت مارچ اسلام آباد کے منتظمین کی جانب سے قتل کی گئی کم عمر ٹک ٹاکر ثناء یوسف کو انصاف دلوانے کے لیے مظاہرہ کیا گیا، جس میں عام شہریوں نے بھی شرکت کی۔ ثناء یوسف کو 2 جون کو ان کے گھر میں گھس کر فائرنگ کرکے قتل کیا گیا تھا، پولیس نے ایکشن لیتے ہوئے 3 جون کو ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے اسے گرفتار کرلیا تھا۔ پولیس نے بتایا تھا کہ 17 سالہ ثناء یوسف کو فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے 22 سالہ ملزم عمر حیات نے دوستی سے انکار پر قتل کیا گیا۔ ثناء یوسف کے قتل کے خلاف شوبز شخصیات سمیت سیاسی و سماجی...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، شہری عید کیلئے ایک دکان سے خشک میوہ خرید رہے ہیں

زیر الطاف حسین نقوی کا کچھی میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 2 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا ہے۔ محسن نقوی نے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان میں...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد، کچرے سے دو نومولود بچوں کی لاشیں برآمد

کتے نوچ رہے تھے مقامی افراد نے دیکھ کر پولیس کو اطلاع کر دی

پولیس اور میونسپل کارپوریشن کے عملے نے دونوں بچوں کو دفنا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد میں انسانیت سوز واقعہ دو نومولود بچوں کو کچرے میں پھینک دیا گیا کتوں نے نوچنا شروع کردیا مقامی افراد نے دیکھ کر پولیس کو اطلاع کردی پولیس اور میونسپل کارپوریشن کے عملے نے دونوں نومولود بچوں کو دفنا...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

CSA لاہور اور BCSA کوئٹہ میں ادارہ جاتی تعاون فروغ پاسکتا ہے، حکام

ڈی جی اور ڈائریکٹر پروگرامز CSA لاہور نے BCSA کوئٹہ کا دورہ کیا

کوئٹہ (خ ن) سی ایس ایس امیدواران کے آؤٹ ریچ پروگرام کے تحت ڈائریکٹر جنرل سول سروسز اکیڈمی (CSA) لاہور فرحان عزیز خواجہ، ڈائریکٹر پروگرامز ڈاکٹر سید شبیر احمد زیدی کے ہمراہ بلوچستان سول سروسز اکیڈمی (BCSA) کوئٹہ کے دورے پر پہنچے۔ معزز مہمانوں کا استقبال ڈائریکٹر جنرل BCSA ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی اور چیف انسٹرکٹر...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

عید کے روز جبری گمشدگیوں کے خلاف احتجاج کیا جائے گا، نصراللہ بلوچ

احتجاج وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے زیراہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے ہوگا، چیئرمین

کوئٹہ (آن لائن) وی بی ایم پی کے احتجاج کو 5851 واں روز، عید کے روز کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا جائے گا وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ تنظیم کے زیراہتمام جبری گمشدگیوں کے خلاف عید کے روز 3 بجے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے ایک پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا انہوں...... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

ٹوٹ گئی ٹرمپ ایلون مسک کی دوستی دشمنی میں تبدیل، ایک دوسرے پر سنگین الزامات

ایلون مسک نے امریکی صدر کا نام بچوں کے ساتھ جنسی جرائم میں ملوث جیفری ایپسٹین کیساتھ جوڑ دیا، مواخذے کی تجویز

ڈونلڈ ٹرمپ نے ایلون مسک کو منشیات کا عادی قرار دیتے ہوئے کمپنیوں کیساتھ سرکاری معاہدے ختم کرنے کی دھمکی دیدی

نیویارک (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ارب پتی دوست ایلون مسک کے درمیان دوستی دشمنی میں بدل گئی، ایلون مسک نے امریکی صدر کا نام بچوں کے ساتھ جنسی جرائم میں ملوث جیفری ایپسٹین کیساتھ جوڑ دیا اور مواخذے کی تجویز دیدی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ایلون مسک کی پالیسی میگا بل پر تنقید سے بہت مایوس ہوں، انہیں معلوم اب بھی سابق مشیر کے ساتھ دوستی قائم رہ سکے...... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

جعفرآباد، کونسلر کے گھر پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ، 10 زخمی

سات زخمیوں کی حالت نازک لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا، پولیس

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کے کونسلر داوان خان کھوسہ کے گھر پر مسلح افراد کا حملہ دس افراد زخمی ہوگئے زخمیوں میں سے سات افراد کی حالت نازک ہونے کے باعث ان کو مزید علاج کیلئے لاڑکانہ ریفر کردیا گیا ہے حملے کی فوری وجوہات... پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار میونسپل کارپوریشن...... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی فضائیہ نے پہلے ہی رات بھارتی طیارے مار گرائے تھے، سوشانت سنگھ

انیل چوہان کے مطابق اصل اعداد و شمار کی اہمیت نہیں، حقائق چھپانا بھارتی عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے

طیاروں کے گرنے پر جھوٹا پروپیگنڈا بڑا سوالیہ نشان، بھارتی میڈیا جنگ کے میدان میں بھی ناکام نظر آیا

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) پاکستانی فضائیہ نے پہلے ہی رات بھارتی طیارے مار گرائے تھے، بھارتی تجزیہ کار سوشانت سنگھ نے مودی حکومت پر برس پڑے، تجزیہ کار سوشانت سنگھ نے شدید تنقید کرتے ہوئے کہا بھارتی چیف آف ڈیفنس سٹاف انیل چوہان نے بھارتی طیاروں کے نقصانات کا اعتراف کیا، انیل چوہان کے مطابق اصل اعداد و شمار کی اہمیت نہیں، حقائق چھپانا بھارتی عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے، بھارتی تجزیہ کار نے کہا پاکستانی فضائیہ نے پہلے ہی رات بھارتی طیارے مار گرائے تھے، طیاروں...... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر